© rasailojaraid.com

خصوصاً طلبہ اور خواتین!

---

| | |
|---|---|
| ۱۔ اسلامی ریاست کے اساسی اصول و تصورات | اوّل الذکر از مولانا سید داؤد غزنوی مرحوم |
| ۲۔ اسلام کی حکومتِ صالحہ اور اس کی ذمہ داریاں | ثانی الذکر از شیخ الحدیث مولانا محمد اسمٰعیل مرحوم |

ناشر: مکتبہ نذیریہ۔ چناب بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور ۱۶ ۔ قیمت (۱) -/۶ روپے (۲) -/۹ روپے۔

خدا ہر دو مؤلفین کی ارواح پر رحمتیں نازل کرے۔ اِن حضرات نے عمر بھر علمی خدمات کے علاوہ اس معرکہ آرا دور میں اسلام کے حق میں بڑا کام کیا جب مغرب زدہ طبقوں نے تشکیل پاکستان کے بعد گراں قدر دینی مفکرین کے اندیشوں کے مطابق سیکولر ریاست کے قیام کے لیے پورا زور صرف کر دیا۔ یہاں تک قرار دادِ مقاصد پاس ہوتی۔ یہ دونوں علمی مقالات اس دور کی یادگار ہیں، اگرچہ لادینیت پسندوں کے تازہ ترجھارتی حملے اور اس کے دوران میں اُٹھنے والی بحثوں کے لحاظ سے نئے کام کی ضرورت ہے، مگر اِن پمفلٹوں میں قرآن و حدیث سے جو روشنی اخذ کر کے پیش کی گئی ہے اس سے ہم کبھی بے نیاز نہیں ہو سکتے۔

---

| | |
|---|---|
| ۱۔ گھر کا چراغ | مولف و ناشر، کمال عثمانی ۔ امیر حزب اللہ۔ توحید روڈ، کیماڑی، کراچی۔ |
| ۲۔ امام احمد بن حنبلؒ | حزب اللہ کا تمام لٹریچر مفت تقسیم کیا جاتا ہے اور ہر کسی کو شائع کرنے |
| ۳۔ امن کی راہ | کی اجازت ہے۔ |

کراچی میں آج کل ڈاکٹر عثمانی کے دم سے عقیدہ توحید پر بحث و تنقید کا ایک سلسلہ چل رہا ہے۔ خصوصاً یہ مبحث مرکزِ توجہ بنا ہوا ہے کہ عذابِ قبر کہاں ہوتا ہے اور کیسے؟ ڈاکٹر عثمانی صاحب نے برزخی جسم اور برزخی قبر کی اصطلاحات کے ذریعے اپنا مدعا واضح کیا ہے۔ دوسری طرف سے تردیدی لٹریچر شائع ہو رہا ہے۔ ہمارا کام دونوں میں محاکمہ کرنا نہیں ہے۔ بس ہمارا مشورہ تمام

© rasailojaraid.com